© rasailojaraid.com



کتابت و طباعت بہتر قیمت غیر مجلد عار اور مجلد عہ پتہ:۔ مکتبہ جمعیۃ التعاون دار العلوم ندوۃ العلما لکھنؤ

"الندوہ" دورِ جدید میں ایک مستقل عنوان "میری محسن کتابیں" کے ماتحت ملک کے مشاہیر اہلِ علم وادب کے مقالات کا ایک طویل سلسلہ کئی ماہ تک شائع ہوتا رہا تھا اب انھیں مقالات کو مع دو اور مقالوں کے جو اُس زمانہ میں الندوہ میں نہ چھپ سکے تھے کتابی شکل میں شائع کر دیا گیا ہے یہ کل مقالات گنتی میں اٹھارہ ہیں اور سب کے سب بلند پایہ مصنفین، ادبا اور اربابِ قلم و علم کے لکھے ہوئے ہیں۔ ان میں ان حضرات نے یہ بتایا ہے کہ اُن کی علمی اور ادبی زندگی کی تشکیل و تعمیر میں سب سے زیادہ دخل کن کتابوں کا رہا ہے یہ مجموعہ اردو زبان میں اپنی نوعیت کے لحاظ سے بالکل یگانہ ہے اس کا مطالعہ عام اربابِ ذوق اور طلبا کے لئے خاص طور پر بہت مفید ہوگا۔ آخر میں لائق مرتب نے حروفِ تہجی کے اعتبار سے اُن تمام کتابوں کی ایک طویل فہرست بھی دیدی ہے جن کا ذکر اس میں آیا ہے۔ اس سے کتاب کی افادیت دوچند ہوگئی ہے۔

**نفسیاتِ جمال** از مولانا ابو النظر صاحب رضوی امروہوی تقطیع خورد ضخامت ۱۵۲ صفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عہ پتہ:۔ اعلیٰ کتب خانہ دہلی قرول باغ۔

مولانا ابو النظر صاحب رضوی کے متعدد مقالات برہان میں شائع ہو کر علمی حلقوں میں مقبول ہو چکے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب موصوف کا ہی ادبی کارنامہ ہے جس کا نام اگر بجائے "نفسیات جمال" کے "نفسیاتِ محبت" ہوتا تو بہتر تھا، کیونکہ اس میں محبت اور اُس کی مختلف کیفیات اور ادائیں مثلاً محبت اور زندگی۔ محبت اور شباب عزم و ارادہ، ناکامی، خودکشی وغیرہ وغیرہ جیسے ۲۷ عنوانات پر گفتگو کی گئی ہے۔ زبان بڑی شگفتہ اور انداز بیان فلسفیانہ ہے۔ لائق مصنف نے فلسفہ، ادب اور نفسیات ان تینوں کی ترکیب سے اس پیکر کو تیار کیا اور لطف یہ ہے کہ محبت کے شراب خانہ میں بیٹھنے کے باوجود انھوں نے اپنے قلب و نظر کو بہکنے نہیں اور موضوعِ گفتگو کے انتہائی نازک ہونے کے باوجود عریانی پیدا نہیں ہو سکی ہے۔ اس کا مطالعہ ادبی نفسیاتی دونوں حیثیتوں سے دلچسپ اور لطف آفریں ہوگا۔



© rasailojaraid.com